بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت مولانا محمد شفیع قاسمی بن ڈاکٹر علی ملپا صدیقا دامت برکاتہم

(بانی وناظم ادارہ رضیۃ الابرار بھٹکل وسابق مہتمم ونائب ناظم جامعہ اسلامیہ بھٹکل)

(از: محمد احمد ابن مولانا محمد شفیع قاسمی ملپا صدیقا)

بھٹکل کی سرزمین ہمیشہ سے علماء حق سے پر رہی، ہر زمانہ میں کبار علماء ربانیین پیدا ہوتے رہے، جنہوں نے اہل بھٹکل کو دین کی صحیح راہ دکھائی، کبھی مخدوم فقیہ اسماعیل بن ابراہیم صدیقا بھٹکلی، ومخدوم فقیہ احمد بن ابراہیم صدیقا بھٹکلی پیدا ہوئے، پھر شیخ سید محمد جبلین، مولانا عبدالقادر جیوکا کو بن محمد حبیب فقیہ احمد اصدیقا، مولانا آخوند سیدی محمد باپو رکن الدین، مولانا شمس الدین بن عبدالقادر سعد، مولانا حاجی بہاء الدین بن محمد صبغۃ اللہ اسحاقی، شیخ عمر بن احمد خطیب، مولانا قاضی شریف محمد بن حاجی بہاء الدین اسحاقی، مولانا مفتی شریف محی الدین بن قاضی شریف محمد اسحاقی، مولانا شمس الدین بن محی الدین جوکاکو، مولانا محی الدین بن محمد سکری عیدروسا (المعروف تکیہ خلفو)، مولانا محمد امین بن حاجی احمد اکرمی، مولانا عبدالقادر بن محی الدین دامدا ابو (المعروف ابومولوی)، مولانا شریف محی الدین بن محمد امین اکرمی، مولانا محمد اسماعیل بن ابوبکر اکرمی، مولانا قاضی محمد احمد بن قاضی ابوبکر خطیب جیسے کبار علماء بھٹکل کی سرزمین پر جنم دئے، جنہوں نے اہل بھٹکل کو علم وعمل کی دولت سے روشناس کرایا۔ انہی علماء حق میں سے ایک میرے والد ماجد حضرت مولانا محمد شفیع قاسمی ملپا صدیقا مدظلہ العالی ہیں، جو سرزمین بھٹکل پر جنم دیا۔

ولادت

حضرت مولانا محمد شفیع قاسمی بن ڈاکٹر علی بن شہاب الدین بن محی الدین ملپا صدیقی بھٹکلی مدظلہ ۲۳/رجب المرجب ۱۳۷۲ھ ہجری مطابق ۸/اپریل ۱۹۵۳ء عیسوی میں تکیہ محلّہ بھٹکل میں پیدا ہوئے۔

خاندانی پس منظر

آپ کے والد ماجد حضرت الحاج ڈاکٹر علی بن شہاب الدین صاحب ملپا صدیقا مدظلہ (بانی جامعہ اسلامیہ بھٹکل) حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے اکابر خلفاء کے تربیت یافتہ اور مصلح الامت حضرت مولانا شاہ وصی اللہ فتحپوری رحمۃ اللہ علیہ اور محی السنۃ حضرت مولانا شاہ ابرارالحق ہردوئی رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ مجاز ہیں۔ آپ نوایت برادری صدیقا خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ بعض قدیم تحریرات میں ملپا کے ساتھ صدیقا لکھا ہوا ہے۔ مشہور ہے کہ آپ کے خاندان میں علماء وقضاۃ پیدا ہوئے۔

مولانا محمد شفیع قاسمی مدظلہ کی والدہ بی بی رضیہ بنت سیّدی محمد، آرمار بُرلی خاندان سے تعلق رکھتی ہیں۔ آپ کی نانی صاحبہ محترمہ بی بی عائشہ بنت محمد اسماعیل فقیہ احمدا خاندان فقیہ احمد اصدیقا سے تعلق رکھتی ہیں۔ اوران کی والدہ فاطمہ بنت محی الدین جوکاکو صدیقا بھی خانوادہ حضرت علامہ مخدوم فقیہ احمد بن ابراہیم صدیقا شافعی بھٹکلی رحمۃ اللہ علیہ سے تعلق رکھتی ہیں، جو پانچ سو سال پہلے بھٹکل کے قاضی تھے، یہ خاندان ہمیشہ علماء وقضاۃ کا رہا۔

آپ کی نانی صاحبہ کی والدہ فاطمہ جوکا کو کا سلسلہ نسب اس طرح ہیں۔ ''فاطمہ بنت میراں محی الدین بن ابومحمد بن حسن بن محمد علی بن مولانا عبدالقادر جیوکا کو بن محمد حبیب بن قاضی علی عتیق اللہ بن قاضی اسماعیل بن قاضی محمود بن قاضی سعید علی بن قاضی مخدوم فقیہ احمد صدیقا''

تعلیم: ابتدائی تعلیم گورنمنٹ مڈل اسکول بھٹکل میں حاصل کی، جامعہ اسلامیہ بھٹکل کے قیام کے بعد جامعہ میں داخلہ لیا، اوراس وقت کے آخری درجہ تک تعلیم مکمل کی، پھر دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ میں کچھ دن، مدرسہ اشرف المدارس ہردوئی میں چار سال، مدرسہ قاسمیہ شاہی مراد آباد میں ایک سال تعلیم حاصل کرنے کے بعد ۱۳۹۴ھ ہجری مطابق ۱۹۷۴ء عیسوی میں دارالعلوم دیوبند سے دورہ حدیث مکمل کیا۔ پھر فقیہ الامت حضرت مفتی محمود حسنی گنگوہیؒ کے درس افتاء میں شرکت کی۔ آپ جامعہ میں چھ سال ندوۃ العلماء لکھنو کے نصاب سے تعلیم حاصل کی، پھر ہردوئی، مرادآباد، ودارالعلوم دیوبند میں درس نظامی کے نصاب پڑھنے کی آپ کو سعادت حاصل ہوئی۔ غالباً آپ بھٹکل کے پہلی عالم ہیں جوندوی وقاسمی نصاب کے سنگم ہیں۔ آپ کو کبار علماء سے تعلیم حاصل کرنے کا موقع ملا۔ جن میں حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب قاسمیؒ، شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا کاندھلویؒ، فقیہ الامت حضرت مفتی محمود حسن گنگوہی قاسمیؒ، حضرت مولانا عبدالحمید ندویؒ، حضرت مولانا عبدالجبار اعظمیؒ، حضرت مولانا شاہ ابرارالحق حقی ہردوئیؒ، حضرت مولانا قاری امیر حسن صاحبؒ، حضرت مولانا منظور احمد مظاہری کانپوری مدظلہ، حضرت مولانا محمد سالم قاسمی مدظلہ، حضرت مولانا سید انظر شاہ کشمیری قاسمیؒ، حضرت مولانا سید ارشد مدنی مدظلہ، حضرت مولانا سید محمد رابع حسنی ندوی مدظلہ، حضرت مولانا سعید الرحمٰن اعظمی مدظلہ وغیر ہم قابل ذکر ہیں۔

مزید استفادہ: تعلیم سے فراغت کے بعد مزید استفادہ کیلئے فقیہ الامت حضرت مفتی محمود حسن گنگوہیؒ کے پاس آپ کے کمرہ میں چھ ماہ آپ کو قیام کرنے کا موقع ملا۔ حضرت کے پاس مزید کتابیں پڑھنے کا آپ کو موقع حاصل ہوا۔ اس کے علاوہ آپ دیوبند میں حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب قاسمیؒ اور حضرت مولانا سید اسعد مدنیؒ کی مجالس میں حاضر ہوتے اور ان سے فیض حاصل کرتے۔ آپ اپنی باطنی اصلاح کے لئے اپنے استاد حضرت مولانا شاہ ابرارالحق ہردوئیؒ کو منتخب فرمایا اور اپنا اصلاحی تعلق قائم فرمایا۔ اپنے شیخ کے علاوہ بھی دوسرے تمام اکابر علماء سے تعلق رکھا۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا کاندھلویؒ، حضرت مولانا عبدالباری ندوی لکھنویؒ، حضرت مولانا منت اللہ رحمانی قاسمیؒ، حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ، حضرت مولانا محمد احمد پرتا بگڈھیؒ وغیر ہم سے بھی عقیدت ومحبت کا تعلق رکھا۔

آپ کے چند مشہور شاگردان کے نام اس طرح ہیں۔ مولانا عمر اطہر جامعی ندوی ابن شمس الدین افریقا، مولانا محمد حسین جامعی ابن شاہ الحمید گیما مرڈیشوری (مہتمم مدرسہ تنویرالاسلام مرڈیشور، وامام وخطیب مسجد نور مرڈیشور)، مولانا عبدالصمد جامعی ندوی ابن ابومحمد قاضی مرڈیشور (امام وخطیب جامع مسجد مرڈیشور)، مولانا عبدالباری جامعی ندوی ابن عبدالقادر جیلانی فکردے (خطیب جامع مسجد بھٹکل، ومہتمم جامعہ اسلامیہ بھٹکل)، مولانا عبدالرب جامعی ندوی ابن قاضی محمد احمد خطیب (نائب قاضی بھٹکل، واستاد جامعہ اسلامیہ بھٹکل)، مولانا مقبول احمد بن عبدالحمید کوبٹے (نائب مہتمم جامعہ اسلامیہ بھٹکل)، ومولوی منور حسین بن حسن شبر پیشمام (امام

وخطیب بلال جمعہ مسجد بھٹکل) وغیرہم
آپ کے متعلق محترم سید عبدالرحمٰن باطنؔ بھٹکلی نے چند اشعار پڑھے تھے، جو ذیل میں نقل کئے جارہے ہیں۔

دین حق کے پاسباں ہیں حضرت ملپا شفیع — حق پرستی کا نشاں ہیں حضرت ملپا شفیع
ارض بھٹکل کے افق پر دوستو سچ پوچھئے — دین حق کی کہکشاں ہیں حضرت ملپا شفیع
رکن تنظیم وجماعت رازدانِ جامعہ — انجمن کے نغمہ خاں ہیں حضرت ملپا شفیع
صاحب نوربصیرت مظہردارالعلوم — اک شمع ضوفشاں ہیں حضرت ملپا شفیع
ارض بھٹکل کیلئے اکرام ہیں، اعزاز ہیں — رابطہ کے ترجماں ہیں حضرت ملپا شفیع
داعی دین محمد مصطفیٰؐ کی کیا کہیں — راستی کے ترجماں ہیں حضرت ملپا شفیع
حضرت ابرارؒ، طیبؒ اور محمود گنگوہیؒ — ان کا اک بین نشاں ہیں حضرت ملپا شفیع
عاشق حضرت علی میاںؒ اور حضرت شہباز ہیں — دین کی روح رواں ہیں حضرت ملپا شفیع
عالمان دین حق باطنؔ سراپا نور ہیں — نور حق کا سائباں ہیں حضرت ملپا شفیع

خدمات: تعلیم سے فراغت کے بعد آپ کچھ ماہ مدرسہ اشرف المدارس ہردوئی میں تدریسی خدمت انجام دیں، پھر جامعہ اسلامیہ بھٹکل میں آپ کا بحیثیت مدرس تقرر ہوا۔ پھر آپ مختلف اداروں میں مختلف عہدوں پر رہ کر خدمت انجام دیں۔ آپ کے چند مناصب کا ذکر کیا جاتا ہے۔

(۱) استاد مدرسہ اشرف المدارس ہردوئی، ۱۹۷۴ء عیسوی
(۲) استاد جامعہ اسلامیہ بھٹکل، ۱۹۷۵ء عیسوی تا ۱۹۷۹ء عیسوی
(۳) انچارج دفتر نظامت جامعہ اسلامیہ بھٹکل، ۱۹۷۷ء عیسوی
(۴) معاون مہتمم جامعہ اسلامیہ بھٹکل، مئی ۱۹۷۷ء عیسوی تا اکتوبر ۱۹۷۷ء عیسوی
(۵) مہتمم جامعہ اسلامیہ بھٹکل، اکتوبر ۱۹۷۷ء عیسوی تا فروری ۱۹۷۹ء عیسوی
(۶) بانی دارالعلم بھٹکل، ۱۹۸۰ء عیسوی
(۷) رکن انتظامیہ بھٹکل مسلم جماعت مسقط، ۱۹۸۰ء عیسوی تا ۱۹۹۲ء عیسوی
(۸) رکن انتظامیہ انجمن حامی مسلمین بھٹکل، متعدد بار (۹) رکن انتظامیہ مجلس اصلاح وتنظیم بھٹکل، متعدد بار

(۱۰) رکن مجلس شوریٰ جامعہ اسلامیہ بھٹکل، (۱۱) رکن انتظامیہ جماعت المسلمین بھٹکل، متعدد بار

(۱۲) صدر بھٹکل مسلم جماعت مسقط، ۱۹۸۸ء عیسوی (۱۳) ممبر تعمیری کمیٹی مسجد طوبیٰ بھٹکل، ۱۹۸۸ء عیسوی

(۱۴) رکن نگراں کمیٹی بین الجماعتی کانفرنس، ۱۹۸۹ء عیسوی

(۱۵) رکن شعبہ نہی عن المنکر بھٹکل، ۱۹۸۹ء عیسوی (۱۶) بانی ممبر بھٹکل مسلم خلیج کونسل، ۱۹۹۰ء عیسوی

(۱۷) انچارج رابطہ آفس بھٹکل، ۱۹۹۲ء عیسوی تا ۱۹۹۴ء عیسوی تک

(۱۸) کنوینر ریلیف کمیٹی 1993 رابطہ سوسائٹی بھٹکل اور مجلس اصلاح و تنظیم بھٹکل

(۱۹) رکن ایکشن کمیٹی ۱۹۹۳ء عیسوی (۲۰) کنوینر ٹیمپو کمیٹی رابطہ سوسائٹی بھٹکل

(۲۱) سکریٹری رابطہ سوسائٹی بھٹکل، ۱۹۹۴ء عیسوی تا ۲۰۰۰ء عیسوی تک

(۲۲) کنوینر تعمیری کمیٹی مسجد سیدنا سلمان فارسی، سلمان آباد، بھٹکل، ۱۹۹۴ء عیسوی

(۲۳) صدر مسجد طوبی، آزاد نگر، بھٹکل (۲۴) صدر مسجد امام شافعی، آزاد نگر، بھٹکل

(۲۵) رکن مجلس عاملہ جامعہ اسلامیہ بھٹکل (۲۶) رکن تعلیمی کمیٹی جامعہ اسلامیہ بھٹکل

(۲۷) کنوینر تعمیری کمیٹی جامعہ اسلامیہ بھٹکل (۲۸) کنوینر کرایہ کمیٹی جامعہ اسلامیہ بھٹکل

(۲۹) نائب ناظم جامعہ اسلامیہ بھٹکل، ۱۹۹۷ء عیسوی تا ۲۰۰۲ء عیسوی تک

(۳۰) رکن تعلیمی کمیٹی جامعہ اسلامیہ بھٹکل ۱۹۹۷ء عیسوی

(۳۱) کنوینر فری میڈیکل کیمپ رابطہ سوسائٹی بھٹکل، مئی ۱۹۹۹ء عیسوی

(۳۲) کنوینر فری آئی کیمپ رابطہ سوسائٹی بھٹکل، ۱۹۹۹ء عیسوی

(۳۳) رکن تعمیری کمیٹی جامع مسجد بھٹکل (۳۴) رکن عالمی رابطہ ادب اسلامی بھٹکل شاخ

(۳۵) رکن دینیات بورڈ انجمن حامی مسلمین بھٹکل (۳۶) رکن ہائی اسکول بورڈ انجمن حامی مسلمین بھٹکل

(۳۷) بانی و سرپرست مجلس المعارف مڑگاؤں گوا، ۱۹۹۸ء عیسوی

(۳۸) رکن سیاسی پینل مجلس اصلاح و تنظیم بھٹکل، متعدد بار (۳۹) رکن تعلیمی و ثقافتی کمیٹی مجلس اصلاح و تنظیم بھٹکل

(۴۰) رکن انتظامی کمیٹی مسجد عبدالرحمٰن بن عوف بھٹکل (۴۱) سکریٹری آل انڈیا ملی کونسل بھٹکل شاخ

(۴۲) ممبر مجلس عمومی آل انڈیا ملی کونسل دہلی (۴۳) صدر جمعیت مسجد سلمان فارسی، سلمان آباد، بھٹکل ۲۰۰۲ء عیسوی

(۴۴) بانی و ناظم ادارہ رضیۃ الابرار بھٹکل

(۴۵) رکن بین الجماعتی کانفرنس انعقاد کمیٹی مجلس اصلاح و تنظیم بھٹکل، ۲۰۱۱ء عیسوی

(۴۶) رکن کمیٹی برائے اتحاد محکمہ شرعیہ جماعت المسلمین بھٹکل و خلیفا جماعت المسلمین بھٹکل ۲۰۱۲ء عیسوی

(۴۷) نائب صدر دوم جماعت المسلمین بھٹکل ۲۰۱۳ء عیسوی

(۴۸)رکن زیرتولیت مساجد کمیٹی جماعت المسلمین بھٹکل، ۲۰۱۳ء عیسوی

(۴۹)رکن بھٹکل عیدگاہ انتظام کمیٹی ۲۰۱۳ء عیسوی

(۵۰)رکن صدر سالہ اجلاس کمیٹی مجلس اصلاح وتنظیم بھٹکل

(۵۱)رکن ممبر شپ کمیٹی انجمن حامی مسلمین بھٹکل ۲۰۱۵ء عیسوی

تصنیفات: آپ تصنیفات کے ذریعہ بھی دینی وعلمی خدمت کررہے ہیں۔آپ کی تصنیفات مدلل وتحقیقی ہیں۔

آپ کی چند کتابوں کے نام اس طرح ہیں۔(۱)تراویح سنت کے مطابق پڑھیئے (۲)یادابرار(۳)روزہ وتراویح کے مختصر احکام (۴)جائزہ پر جائزہ(۵)تاسیس جامعہ اسلامیہ بھٹکل(۶)زندگی کی کچھ یادیں (۷)مسافت قصر 175 کلومیٹر (۸)تذکرہ والد (۹)تاریخ بھٹکل پرایک نظر(۱۰)بھٹکل کی چند مسلم شخصیات تعارف وخدمات (۱۱)جمعہ کے فضائل ومسائل (غیر مطبوعہ)(۱۲)اسلام میں عورتوں کیلئے پردہ کی اہمیت (غیر مطبوعہ) (۱۳)جمہور علماء کے نزدیک رسول اللہ ﷺ کی تاریخ پیدائش بارہ(۱۲)ربیع الاول ہے(غیر مطبوعہ)(۱۴)اسلام میں مخلوط تعلیم ناجائز ہے(۱۵)اہل سنت والجماعت اور سلفیوں کے درمیان فرق(زیر تالیف)(۱۶)کیکڑا کھانا اکثر فقہاء کے نزدیک حرام ہے☆☆